| تیسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی1 |
| --- | --- | --- | --- |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 9 | تاریخ: ________ | وقت: 40منٹ |

| باب ششم: معاشیات | سبق کا نام: کاروبار |
| --- | --- |

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- کاروبار سے متعلق مختلف رویوں اور ان کی افادیت کی وضاحت کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، طلبہ کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- مختلف اقسام کے کاروبار کے نام بتائیں۔
- ڈیری فارمنگ اور باغبانی وغیرہ کس کاروبار کی مثالیں ہیں؟

جواب دینے پر طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 87 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں جب کوئی کاروباری فرد کاروبار کرتا ہے تو وہ اس میں جدت لانے کی کوشش کرتا ہے یعنی اپنے کاروبار میں بہتری لانے کے لیے کئی مصنوعات، خدمات یا طریقے متعارف کراتا ہے۔
- تختہ تحریر پر کاروباری خصوصیات اور رویوں کی فہرست بنائیں۔
- طلبہ کو بتائیں یہ وہ رویے ہیں جو کسی بھی کاروبار کو کامیاب بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

- قوت فیصلہ
- تخلیقی صلاحیت
- پُراعتماد ہونا
- ناکامیوں سے سیکھنا
- خود احتسابی
- حالات بدلنے کی صلاحیت
- مثبت رویہ

- طلبہ کو ان تمام رویوں کی وضاحت کریں اور انھیں واضح کریں مثبت رویہ، تخلیقی صلاحیت قائل کرنے کی صلاحیت اور ناکامیوں سے سیکھنا کسی بھی کاروبار کو کامیاب بناتے ہیں۔

## اعادہ 3منٹ

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

مشق کا جزو (3) کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

سرگرمی (۲) کتاب پر حل کر کے لائیں۔

| تیسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: _______ | ہفتہ: 9 | تاریخ: _______ | وقت: 40 منٹ |

| باب ششم: معاشیات | سبق کا نام: رقم کا ارتقا |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- برصغیر میں سکوں اور کاغذی نوٹ کی تاریخ کا سراغ لگا سکیں۔
- زرِ رقم کے ارتقا اور زرِ متعارف ہونے سے پہلے بارٹر کے ذریعے سے ہونے والی تجارت کو مثالوں کے ذریعے بیان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ معاشرتی علوم جماعت (5) کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے سوال کریں آپ اپنی جیب خرچ سے کیا خریدتے ہیں؟ ان سے جوابات لیں۔ طلبہ کو بتائیں رقم ہماری زندگی کا لازمی حصہ ہے اس کی مدد سے ہم اپنی ضروریاتِ زندگی کو پورا کرتے ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 10 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 90 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں قدیم زمانے میں لوگ لین دین کے لیے پیسوں کا استعمال نہیں کرتے تھے اور نہ اس وقت کرنسی کا کوئی نظام تھا۔
- اس وقت لوگ ایک دوسرے سے چیزوں کا تبادلہ کرتے تھے یعنی جنس کے بدلے جنس (جانور یا غلام) اور اشیا کے بدلے اشیا دوسرے فریق کو بطور رقم ادا کیے جاتے تھے۔ یہ نظام بارٹر سسٹم کہلاتا تھا۔
- طلبہ کو مثال کے ذریعے اس سسٹم کی وضاحت کریں۔ جیسے اگر ایک شخص کو کپڑے کی ضرورت ہوتی تو وہ جولاہے سے کپڑا لیتا اور بدلے میں اسے گندم یا چاول دے دیتا۔
- طلبہ کو بتائیں قریباً 1200 قبل از مسیح لوگ پیسوں اور قیمتی پتھروں کے ذریعے سے لین دین کرنے لگے۔ پھر آہستہ آہستہ انسان نے کانسی اور تانبے جیسی دھاتیں دریافت کر لیں اور ان دھاتوں کے سکے بطور زر استعمال کرنا شروع کر دیے۔

**اعادہ** 3 منٹ

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

مشق جزو(ا)کا سوال(i)طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو گھر میں دہرائیں۔

| دوسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام:________ | ہفتہ:9 | تاریخ:________ | وقت:40منٹ |

| باب ششم: معاشیات | سبق کا نام: رقم کا ارتقا |
|---|---|

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- برصغیر میں سکوں اور کاغذی نوٹ کی تاریخ کا سراغ لگا سکیں۔
- زر/رقم کے ارتقا(Evolution of Money)اور زر متعارف ہونے سے پہلے بارٹر کے ذریعے سے ہونے والی تجارت کو مثالوں کے ذریعے سے بیان کر سکیں۔
- مختلف ممالک کی کرنسیوں کو پہچان سکیں

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ،مارکر۔ معاشرتی علوم جماعت(5)کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے سوال کریں:

- بارٹر سسٹم کی جگہ لوگوں نے رقم کا استعمال کیوں شروع کیا؟
- قدیم زمانے میں سکوں کا استعمال کب اور کیوں شروع ہوا۔

طلبہ سے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## طریقہ تدریس: 10منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 91 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں قریباً 1000 قبل از مسیح چین میں کانسی اور تانبے کے سکے بنائے گئے۔ انھیں موجودہ دور کے سکوں کی ابتدائی شکل سمجھا جا سکتا ہے۔ ان سکوں میں سوراخ ہوتے تھے تاکہ انھیں ایک زنجیر کی صورت میں اکٹھا کیا جا سکے۔
- تقریباً 500 قبل مسیح میں یورپ کے علاقے لیڈیا میں آج کی شکل کے گول سکے تیار کیے گئے۔ اس طرح سکے بنانے کی ان تراکیب کو دوسری قوموں نے بھی نقل کیا۔
- طلبہ کو بتائیں چونکہ دھاتوں سے بنے سکے بھاری ہوتے تھے اور انھیں اٹھائے پھرنا مشکل ہوتا تھا۔ بالآخر ان کی جگہ کاغذی نوٹوں نے لے لی۔

- طلبہ کو کاغذی اور پلاسٹک رقم کے بارے میں آگاہ کریں۔ قریباً 806 عیسوی میں چین میں کاغذی نوٹ متعارف کروائے گئے۔ 20 ویں صدی میں بینکوں نے کریڈٹ کارڈز اور ڈیبٹ کارڈز متعارف کروائے۔ اس طرح کسی حد تک نقد رقم کی ضرورت کو ختم کر دیا گیا۔
- متن کا حوالہ دیتے ہوئے طلبہ کو مختلف ملکوں کی کرنسی کے بارے میں معلومات دیں۔
- طلبہ کو برصغیر میں رقم کے ارتقا کے بارے میں بتائیں۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصور مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

مشق جزو (۲) کا سوال (i) طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو گھر میں دہرائیں۔